20-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے پنچایت راج، دیہی ترقیات اور بلدی نظم ونسق کے محکموں میں 922 عہدوں پر حال ہی میں بھرتی کئے گئے ملازمین میں آج تقررنامے تقسیم کئے۔

۲۔ ہائی کورٹ نے بی آر ایس کے ایم ایل اے ہریش راؤ کے خلاف فون ٹائپنگ کیس میں درج ایف آئی آر کو کالعدم کردیا۔

۳۔ 72 ویں مس ورلڈ مقابلہ تلنگانہ میں 10 مئی سے 31 مئی تک منعقد ہوگا۔

اور

۴۔ ناگرکرنول ضلع کے دوملا پنٹا میں ایس ایل بی سی کی جزوی طور پر منہدم سرنگ میں مختلف محکمے بچاؤ کی کارروائی میں مصروف ہیں۔

SLBC:

ناگرکرنول ضلع کے دوملا پنٹا میں ایس ایل بی سی کی جزوی طور پر منہدم سرنگ میں مختلف محکمے بچاؤ کی کارروائی میں مصروف ہیں۔ مسلسل پانی کے بہاؤ کی وجہ سے بچاؤ کے کام میں رکاوٹ آرہی ہے۔ جائے حادثہ سے پانی کو نکالنے کیلئے بھاری پمپ استعمال کئے جارہے ہیں۔ بچاؤ کی ٹیمیں خصوصی مشنری کا استعمال کرتے ہوئے سرنگ سے مٹی، لوہا، پتھر اور دیگر اشیاء صاف کررہی ہیں۔ پانی کے مسلسل بہاؤ اور مٹی کے ڈھیر جمع ہونے کی وجہ سے درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے خصوصی ماہرین اور سازوسامان کو طلب کیا گیا ہے۔ روزانہ پانچ شفٹوں میں بچاؤ کا کام جاری ہے۔ سرنگ کے اندر سرگرمیوں پر نظر رکھنے کے لئے ایک خصوصی مواصلاتی نظام قائم کیا گیا ہے۔ اس دوران بچاؤ کے کام میں مصروف ایجنسیوں کے اعلیٰ عہدیداروں کا ایک جائزہ اجلاس ہوا۔ جس میں آرمی جنرل کمانڈنگ آفیسر میجر اجے مشرا، ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے اسپشل چیف سکریٹری اروند کمار، ناگرکرنول کے ضلع کلکٹر بداور سنتوش اور پولیس سپرنٹنڈنٹ وائیبھو گائیکواڑ رگھوناتھ نے شرکت کی۔ فوج اور ریلیف ٹیموں کے اعلیٰ عہدیداروں نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔

MISS WORLD:

ریاستی وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ 72 ویں مس ورلڈ مقابلہ تلنگانہ میں 10 مئی سے 31 مئی تک منعقد ہوگا۔ حیدرآباد کے بشمول ثقافتی اعتبار سے اہم مختلف مقامات پر یہ مقابلہ 54 کروڑ روپے کی لاگت سے منعقد کیا جارہا ہے۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ کی حکومت اِس مقابلہ کیلئے 27 کروڑ

روپے خرچ کرے گی۔ یہ رقم اسپانسرس کی جانب سے فراہم کئے جانے کا امکان ہے۔مس ورلڈ کے انعقاد پر اپوزیشن کی تنقید کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اِس مقابلہ کے انعقاد سے تلنگانہ کی معیشت کوفروغ ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ تلنگانہ میں مس ورلڈ مقابلہ کا انعقاد صرف وقار کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ خواتین کی بات کو سننے اوران کے احساسات اورعزم کوتسلیم کرنے کیلئے ایک آواز ہے۔اس موقع پر موجودہ مس ورلڈ کرسٹینا پائیکوا نے کہا کہ بھارت کا تنوع اس کی طاقت ہے۔ سیاحت کی سکریٹری سمرتا سبروال نے کہا کہ یہ مقابلہ یونیسکو کی فہرست میں شامل راما پٹ مندر سے لے کر چارمینار اور گولکنڈہ قلعہ تک تلنگانہ کے آثار قدیمہ کو اجاگر کرے گا۔

SOUND BYTE

KHELO INDIA:

اسپورٹس اور امور بالغان کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج دہلی کے اندرا گاندھی اسٹیڈیم میں کھیلو انڈیا پیرا گیمس کے دوسرے ایڈیشن کا افتتاح کیا۔قومی دارالحکومت میں تین مقامات پر یہ مقابلے منعقد کئے جارہے ہیں۔6اسپورٹس کے مقابلوں میں 1300 سے زیادہ پیرا اتھلیٹس شرکت کررہے ہیں۔آج صبح اندرا گاندھی اسٹیڈیم میں پیرا بیڈمنٹن کا آغاز ہوا جبکہ جواہر لال نہرو اسٹیڈیم پر کل سے پیرا اتھلیٹس مقابلے ہوں گے۔عوام دردرشن کے چینلز پر یہ مقابلے راست دیکھ سکتے ہیں۔

ST LITERACY:

مرکزی وزیر قبائلی امور جوول اورم نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت درجہ فہرست قبائل میں شرح خواندگی میں اضافہ کیلئے مختلف اسکیموں پر عمل کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ درج فہرست قبائل میں خواندگی کی شرح مجموعی آبادی کے مقابلہ کم ہے۔لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران درجہ فہرست قبائل کی خواندگی میں کافی بہتری آئی ہے۔

HARISH:

سابق وزیر اور بی آر ایس کے ایم ایل اے ہریش راؤ کو آج اس وقت راحت ملی جب تلنگانہ ہائی کورٹ نے فون ٹائپنگ کیس میں پنجہ گٹہ پولیس کی جانب سے درج کئے گئے ایف آئی آر کو کالعدم کردیا۔رئیل اسٹیٹ کے تاجر چکردھر گوڑ کی شکایت پر ہریش راؤ اور سابق ڈی سی پی رادھا کرشن راؤ کے خلاف یہ مقدمہ درج کیا گیا تھا۔دونوں فریقین کے دلائل کی سماعت کے بعد ہائی کورٹ نے ایف آئی آر کو منسوخ کرنے کے احکام جاری کئے۔

SSC:

ریاست بھر میں کل سے ایس ایس سی پبلک امتحانات کا آغاز ہو رہا ہے۔ یہ امتحانات 4 اپریل تک جاری رہیں گے۔ امتحان کا آغاز صبح 9:30 بجے ہوگا۔ تاہم طلبہ کو 9 بجکر 35 منٹ تک امتحانی مراکز میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی۔ 11 ہزار 547 اسکولوں کے 5 لاکھ 9 ہزار 403 طلبہ نے اپنے نام درج کروائے ہیں۔ اس دوران ڈائرکٹر آف اسکول ایجوکیشن ای وی نرسمہا ریڈی نے سکندرآباد کے سینٹ پیٹرس ہائی اسکول کا دورہ کرتے ہوئے امتحانات کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ عہدیداروں نے مختلف امتحانی مراکز پر امتحانات کی تیاری کا جائزہ لیا ہے۔ انہوں نے طلبہ کیلئے بیٹھنے کے انتظامات، نشستوں، روشنی اور پینے کے پانی کی سہولتوں کے علاوہ اوایم آر شیٹس، نامینل رولس، ڈی فارمس اور جوابی بک لیٹس کا جائزہ لیا۔

SSC CM:

چیف منسٹر اے ریونت ریڈی نے ریاست بھر میں کل سے دسویں جماعت کے امتحانات میں شرکت کرنے والے تمام طلبہ کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے پیام میں طلبہ سے اپیل کی کہ وہ اعتماد اور اطمینان کے ساتھ امتحانات کا سامنا کریں اور غیر ضروری دباؤ سے خود کو محفوظ رکھیں۔ چیف منسٹر نے اس بات پر زور دیا ہے کہ طلبہ کو اپنے مقاصد پر توجہ مرکوز رکھنی چاہئے کیونکہ یہی ان کے روشن اور کامیاب مستقبل کی بنیاد ڈالے گا۔

SOUND BYTE

WEATHER:

تلنگانہ کے اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، جگتیال، راجنا سرسلہ، کریم نگر، پداپلی اور جے شنکر بھوپال پلی میں کل اکا دوکا مقامات پر گرج چمک اور طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے اپنے رپورٹ میں بتایا کہ پرسوں بھی کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، جگتیال، راجنا سرسلہ، کریم نگر، پداپلی، جے شنکر بھوپال پلی، ملگو، محبوب آباد اور ورنگل اضلاع میں یہی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے بتایا کہ آئندہ تین دن کے دوران تلنگانہ میں اکا دوکا مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ آئندہ تین دن کے دوران ریاست میں درجہ حرارت میں معمولی کمی کا امکان ہے۔ اس کے بعد درجہ حرارت میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ کل میدک اور نظام آباد میں اعظم ترین درجہ حرارت 40.1 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

SHAH - NAXAL:

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ نریندر مودی حکومت نکسلائٹس کے خلاف سخت رویہ کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ان انتہاء پسندوں کے خلاف سختی کے ساتھ کارروائی کررہی ہے جو تمام سہولتوں کی پیشکش کے باوجود ہتھیار نہیں ڈال رہے ہیں۔ انہوں نے سوشیل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کہا کہ سیکورٹی فورسس نے چھتیس گڑھ کے بیجاپور اور کانکر میں دو علیحدہ کارروائیوں میں 22 نکسلائٹس کو ہلاک کردیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک آئندہ سال 31 مارچ تک نکسلائٹس سے پاک ہوجائے گا۔

KOLUVULA PANDUGA:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے پنچایت راج، دیہی ترقیات اور بلدی نظم ونسق کے محکموں میں 922 عہدوں پر حال ہی میں بھرتی کئے گئے ملازمین میں آج تقررنامے تقسیم کئے۔ ان میں 522 ملازمین ہمدردی کی بنیاد پر بھرتی کئے گئے ہیں۔ اس موقع پر چیف منسٹر نے بیلڈ ناؤ پورٹل کا بھی افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی مرتبہ 2015ء میں ہمدردی کی بنیاد پر تقررات عمل میں آئے تھے اور اب ان کی حکومت نے یہ تقررات کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات افسوسناک ہے کہ تلنگانہ کے عوام کو وہ نہیں ملا جس کیلئے انہوں نے جدوجہد کی تھی۔

ADD-PANDUGA:

چیف منسٹر نے کہا کہ ریاست تلنگانہ کے حصول میں طلبہ نے اہم رول ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت کئی مسائل کو حل کرتے ہوئے ملازمتیں فراہم کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت عوام خصوصاً طلبہ سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ہوگئی۔

OO